# Sample Question Paper

**Class XII 2021-22**

**(Elective) Code -003**

Time: 120 minute **Subject-Urdu** Maximum Marks 40

Second Term

ہدایت:مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ہر حصہ میں موجود ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

**Part A (10Marks)**

**حصہ الف**

سوال نمبر۔1۔ **مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کا انتخاب کیجئے اور اس میں موجود سوالوں کے جواب لکھئے۔** (5×1 =5)

**(الف)**

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ چھاپہ کا موجد جرمنی کا ایک شخص گاٹن برگ ہے جو 1400ء میں جرمنی کے ایک قصبہ منیز میں پیدا ہوا تھا۔ اپنے زمانے کا ایک اچھا مصور تھا۔ اور پتھر پر تصویریں بنایا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ اس نے جو تصویر بنائی اسے بنانے کے بعد گھنٹوں بغور دیکھتا رہا اور یہ سوچتا رہا کہ اسے کاغذ پر ہو بہو کیسے اتارا جائے؟ اگلے دن اس نے لکڑی پر لائنیں کھینچ کر ایک تصویر بنائی اور ان لائنوں کو چھوڑ کر باقی ساری لکڑی کھود دی۔ پھر اس نے ان لائنوں پر سیاہی لگا کر کاغذ پر دبایا تو اسے دیکھ کر بے انتہا خوشی ہوئی کہ کاغذ پر وہ تصویر آگئی اور اس طرح اس نے لکڑی کے بلاک بنا کر تصویریں چھاپنا شروع کر دیا۔ دھیرے دھیرے اسے تصویروں کی چھپائی کے ساتھ حروف کی چھپائی کا خیال آیا، اور وہ بعض تصویروں کے نیچے ان کے نام بھی چھاپنے لگا کچھ مدت کے بعد اس نے لکڑی کے بلاکوں سے کتابیں چھاپنے کا ارادہ کیا اور اس کے لئے ایک مالدار شخص کو اپنا شریک بنایا۔ اس نے سب سے پہلے جو کتاب چھاپی وہ انجیل مقدس تھی۔

(1) چھاپہ کا موجد کون تھا؟

(2) گاٹن برگ کب اور کہاں پیدا ہوا؟

(3) گاٹن برگ نے کس چیز کا بلاک بنا کر تصویریں چھاپنا شروع کیا؟

(4) گاٹن برگ کو تصویروں کی چھپائی کے ساتھ کس چیز کی چھپائی کا خیال آیا؟

(5) گاٹن برگ نے سب سے پہلے کون سی کتاب چھاپی تھی؟

**(ب)**

دولت علم سے دامن کو سجاؤ بچو

کھیل میں قیمتی لمحے نہ گنواؤ بچو

دیکھو دامن پہ کہیں داغ جہالت نہ لگے

اپنے دامن کو جہالت سے بچاؤ بچو

اپنے استاد سے تہذیب و تمدن سیکھو

دل میں اخلاق و محبت بساؤ بچو

اپنے ماں باپ کی عزت کرو جان و دل سے

انکے ہر حکم پہ سر اپنا جھکاؤ بچو

نیک بچوں کو سدا دوست بناؤ اپنا

جو برے ہیں انہیں تم منھ نہ لگاؤ بچو

(1) شاعر نے بچوں کو کس چیز سے دامن کو سجانے کا مشورہ دیا ہے؟

(2) کس چیز میں زندگی کے قیمتی لمحوں کو گنوانا نہیں چاہیے؟

(3) اپنے استاد سے کیا چیز سیکھنی چاہیے؟

(4) اپنے ماں باپ کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیے؟

(5) شاعر کے مطابق کیسے بچوں کو دوست بنانا چاہیے؟

سوال نمبر 2 **مندرجہ ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کا انتخاب کیجئے اور اس میں موجود سوالوں کے جواب لکھئے۔**

**(الف)**

کاشی کے آریہ مندر میں پنڈت امر ناتھ کی تقریر ہو رہی ہے، ناظرین مسحور سے بیٹھے ہوئے ہیں۔ پروفیسر دان ناتھ نے آگے کھسک کر اپنے دوست بابو امرت رائے کے کان میں کہا "رٹی ہوئی تقریر ہے۔"۔۔۔امرت رائے اسپیچ سننے میں محو تھے۔ اس کا جواب نہ دیا۔۔۔دان ناتھ نے پھر کہا "صاف رٹی ہوئی تقریر ہے۔ یہاں بیٹھنا فضول ہے، ٹینس کا وقت نکلا جارہا ہے"۔۔۔۔امرت رائے نے پھر بھی کچھ جواب نہ دیا۔ آخر دان

ناتھ نے مایوسانہ انداز سے کہا" بھئی میں تو جاتا ہوں۔"۔۔۔امرت رائے نے ان کی طرف بغیر دیکھے ہی کہا" جاو شوق سے۔"۔۔۔۔تم کب تک بیٹھے رہوگے؟"۔۔۔۔۔میں تو آخر تک تقریر سن کر آوں گا۔"۔۔۔۔ بالکل بغلول ہو۔یہ آخر اس تقریر میں ہے کیا؟"

1۔پنڈت امر ناتھ کی تقریر کہاں ہو رہی ہے؟

2۔پروفیسر دان ناتھ کے دوست کا کیانام ہے؟

3۔پنڈت امر ناتھ کی تقریر سے کون بیزار نظر آرہاہے؟

4۔پروفیسر دان ناتھ نے امرت رائے کے کان میں کیا کہا تھا؟

5۔بغلول کے کیا معنی ہیں؟

**(ب)**

اب بھاگتے ہیں سایہء عشق بتاں سے ہم

کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

خود رفتگی شب کا مزہ بھولتا نہیں

آئے ہیں آج آپ میں یارب کہاں سے ہم

اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو

کچھ پاگئے ہیں آپ کی طرز بیاں سے ہم

دلکش ہر ایک قطعۂ صحرا ہے راہ میں

ملتے ہیں جاکے دیکھیے کب کارواں سے ہم

لذت تیرے کلام میں آئی کہاں سے یہ

پوچھیں گے جاکے حالی جادو بیاں سے ہم

1۔شاعر کن چیزوں سے ڈراہوا ہے؟

2۔شاعر کس چیز کا مزہ بھول نہیں پاتا ہے۔

3۔شاعر کے نزدیک راہ میں کون سی چیز دلکش ہے؟

4۔ "سائے سے بھاگنا" سے کیا مراد ہے ؟

5۔ جادوبیان کے معنی بتائے۔

## Part -B (18Marks)

### حصہ ب

**مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) کے جواب اردو میں تحریر کیجئے سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔**

**(6×3 = 18)**

سوال نمبر 3۔ درج ذیل محاوروں کے معنی لکھئے

راہ نکالنا، دم نکلنا، دل جلانا

سوال نمر 4۔ تشبیہہ کی ایک مثال لکھئے

سوال نمبر 5۔ استعارہ کسے کہتے ہیں ؟

.سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد بتایئے۔

زمین ، شب ، دشمن

سوال نمبر 7۔ اردو کے چند مشہور نظم نگاروں کے نام لکھئے۔

سوال نمبر 8۔ غزل کی تعریف لکھئے۔

سوال نمبر 9۔ آرزو لکھنوی کے شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

سوال نمبر 10۔ جدید دور کے ماہرین لسانیات کے مطابق اردو زبان کس بولی سے نکلی ہے ؟

سوال نمبر 11۔ اردو کی پہلی مثنوی کون سی ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

سوال نمبر 12۔ منشی پریم چند کے تین ناولوں کے نام لکھئے۔

## Part -C (12Marks)

### حصہ ج

**مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) کے جواب اردو میں تحریر کیجئے سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔**

**(6×2 = 12)**

سوال نمبر13۔ پطرس بخاری نے اپنے انشائیہ "مرحوم کی یاد میں" میں کس چیز کا نقشہ کھینچا ہے؟

سوال نمبر14۔ پطرس بخاری کہاں پیدا ہوئے؟

سوال نمبر15۔ اردو کے دو اہم انشائیہ نگاروں کے نام بتایئے

سوال نمبر16۔ نرمل ورما کا انتقال کہاں ہوا تھا؟

سوال نمبر17۔ کالی کٹ یونیورسٹی نے ویکوم محمد بشیر کو کون سی اعزازی سند عطا کی؟

سوال نمبر18۔ ویکوم محمد بشیر کی پہلی اہم تخلیق کا نام لکھئے۔

سوال نمبر19۔ افسانہ "کلرک کی موت" کے مرکزی کردار کا نام لکھئے۔

سوال نمبر20۔ چیخوف کی موت کا باعث کون سی بیماری بنی؟

سوال نمبر21۔ پریما اور لالہ بدری پرشاد کس ناول کے کردار ہیں؟

سوال نمبر22۔ ڈپٹی نذیر احمد کے دو ناولوں کے نام لکھئے۔